(۲) گورنروں کے بورڈ کی جانب سے وائس چانسلر کے طور پر تقرری کے لیے موزوں اشخاص کی سفارش کے لیے چانچ پڑتال کمیٹی اس تاریخ کو اور اس طریقہ کار کے مطابق تشکیل دی جائے گی جو قوانین موضوعہ کی رو سے مقررہ ہو اور یہ چانسلر کی جانب سے نامزد کردہ سوسائٹی کے دو ممتاز اراکین، جس میں سے ایک کا تقرر کنونیر کے طور پر ہوگا، گورنروں کے بورڈ کے دو اراکین، کالج کے دو ممتاز معلمین جو گورنروں کے بورڈ کے اراکین نہ ہوں اور ایک تعلیمی مفکر جو کالج کا ملازم نہ ہو پر مشتمل ہوگا۔ کالج کے دو ممتاز معلمین کا انتخاب گورنروں کے بورڈ کی جانب سے قانون موضوعہ کی رُو سے مقررہ، ایک طریق عمل کے ذریعے سے کیا جائے گا جو کہ یہ فراہم کرتا ہو کہ عمومی طور پر کالج کے معلمین کی طرف سے موزوں ناموں کی سفارش کی جائے۔ چانچ پڑتال کمیٹی چانسلر کی جانب سے اگلے وائس چانسلر کی تقرری تک قائم رہے گی۔

(۳) چانچ پڑتال کمیٹی کی جانب سے وائس چانسلر کے طور پر تقرری کے لیے مجوزہ اشخاص پر گورنروں کا بورڈ غور کرے گا اور ان میں سے، فوقیت کے لحاظ سے گورنروں کا بورڈ ان میں سے تین کے ایک پینل کی سفارش چانسلر کو بھیجے گا:

مگر شرط یہ ہے کہ چانسلر سفارش کردہ تین اشخاص میں سے کسی بھی تقرری سے انکار کر سکے گا اور ایک نئے پینل کی سفارش طلب کر سکے گا۔ چانسلر کی جانب سے نئی سفارشات طلب کرنے کی صورت میں چانچ پڑتال کمیٹی گورنروں کے بورڈ کو اسی طریقہ کار میں تجویز دے گی جیسا کہ ذیلی دفعہ (۲) میں فراہم کیا گیا ہے۔

(۴) وائس چانسلر کا تقرر قوانین موضوعہ کی رو سے مقررہ قیود و شرائط پر پانچ سال کی قابل تجدید مدت کے لیے کیا جائے گا۔ چانسلر کی جانب سے مامور وائس چانسلر کے عہدے کی معیاد میں تجدید گورنروں کے بورڈ کی جانب سے مذکورہ تجدید کی حماقت میں ملنے والی قرارداد پر کی جائے گی۔

مگر شرط یہ ہے کہ چانسلر مذکورہ قرارداد پر دوبارہ غور کرنے کے لیے گورنروں کے بورڈ کو کہے گا۔

مزید شرط یہ ہے کہ اس ایکٹ کے آغاز نفاذ سے فی الفور قبل موجودہ قومی کالج برائے فنون کا موجودہ مامور پرنسپل کالج کا پہلا وائس چانسلر ہوگا۔

۱۲۔ رجسٹرار:۔ (۱) کالج کا رجسٹرار مقررہ تجربہ اور اہلیت کا حامل ہوگا، جس کا تقرر وائس چانسلر کی سفارش پر گورنروں کے بورڈ کی جانب سے، ایسی قیود و شرائط پر کیا جائے گا جیسا کہ مقررہ ہوں۔

(۲) رجسٹرار کالج کل وقتی افسر ہوگا، اور۔۔۔

(الف) کالج کی مہر عام اور تعلیمی ریکارڈز کا محافظ ہوگا؛

(ب) رجسٹر شدہ گریجویٹس کا رجسٹر مقررہ طریقہ کار میں برقرار رکھے گا؛

(ج) مختلف اتھارٹیز اور دیگر ہیئتوں کے اراکین کے الیکشن، تقرری یا نامزدگی کے عمل کی مقررہ طریقہ کار میں نگرانی کرے گا؛ اور

(د) ایسے دیگر فرائض منصبی انجام دے گا جیسا کہ مقررہ ہوں۔

(۳) رجسٹرار کے عہدے کی معیاد تین سال ہوگی جو قابل تجدید ہوگی:

مگر شرط یہ ہے کہ گورنروں کا بورڈ، وائس چانسلر کے مشورے سے، رجسٹرار کی تقرری کو نااہلیت یا بدنظمی کی بنیاد پر مقررہ طریقہ کار کی مطابقت میں، ختم کر سکے گا۔

۱۳۔ خزانچی:۔ (۱) کالج کا خزانچی مقررہ تجربے اور اہلیت کا حامل ہوگا جس کا تقرر گورنروں کے بورڈ کی جانب سے وائس چانسلر کی سفارش پر، ایسی قیود و شرائط پر کیا جائے گا جیسا کہ مقررہ ہوں۔

(۲) خزانچی کالج کا اعلیٰ مالیاتی افسر ہوگا اور۔۔۔

(الف) کالج کے اثاثہ جات، وجوب، آمدن، اخراجات، فنڈز اور سرمایہ کاریوں کا انتظام کرے گا؛

(ب) کالج کے سالانہ اور نظر ثانی شدہ بجٹ کے تخمینے تیار کرے گا اور اس کو سینڈیکیٹ یا اس کی کمیٹی میں منظوری کے لئے پیش کرے گا گورنروں کے بورڈ میں پیش کئے جانے والا بجٹ تشکیل دے گا؛

(ج) یہ یقینی بنائے گا کالج کے فنڈز ایسے اغراض کے لیے خرچ کئے جائیں جن کے لئے یہ فراہم کئے گئے ہیں؛

(د) کالج کے کھاتوں کا سالانہ محاسبہ کرے گا اور اسے تیار کرے گا جیسا کہ دفعہ ۲۹ میں مذکور ہے تا کہ مالیاتی سال کے اختتام سے چھ ماہ کے اندر گورنروں کے بورڈ میں پیش کرنے کے لئے دستیاب ہوں؛ اور

(ہ) دیگر ایسے فرائض انجام دے گا جیسا کہ مقررہ ہوں۔

(۳) خزانچی کے عہدے کی مدت قابل تجدید تین سال کی معیاد ہوگی۔

مگر شرط یہ ہے کہ، گورنروں کا بورڈ وائس چانسلر کے مشورہ پر، خزانچی کے تقرر کو غلط روی یا نا اہلی کی وجوہات پر مقررہ طریقہ کار کی مطابقت میں ختم کر سکے گا۔

۱۴۔ کنٹرولر امتحانات:۔ (۱) کالج کا کنٹرولر امتحانات مقررہ تجربے اور اہلیت کا حامل ہوگا، جس کا تقرر گورنروں کے بورڈ کی جانب سے وائس چانسلر کی سفارش پر ایسی قیود و شرائط کیا جائے گا جیسا کہ مقررہ ہوں۔

(۲) کنٹرولر امتحانات کالج کا ایک کُل وقتی افسر ہوگا اور۔۔۔

(الف) امتحانات کے انعقاد سے منسلک تمام امور کا ذمہ دار ہوگا ایسے دیگر فرائض سرانجام دے گا جیسا کہ مقررہ ہوں۔

(ب) امتحانات اور نتائج کو پوشیدہ اور خفیہ رکھنے کا ذمہ دار ہوگا اور ایسے دیگر فرائض سرانجام دے گا

جیسا کہ مقررہ ہوں؛ اور

(ج) سیکرٹریٹ میں ایسے دیگر فرائض سرانجام دے گا جیسا کہ مقررہ ہوں۔

(۳) کنٹرولر امتحانات کا تقرر تین سال کی قابل تجدید معیاد کے لئے کیا جائے گا۔

مگر شرط یہ ہے کہ گورنروں کا بورڈ وائس چانسلر کے مشورے پر، کنٹرولر امتحانات کی تقرری کو نااہلی اور غلط روی کی وجوہات پر مقررہ طریقہ کار کی مطابقت میں ختم کر سکے گا۔

باب۔ چہارم

کالج کی اتھارٹیز

۱۵۔ اتھارٹیز۔ (۱) اس ایکٹ کے تحت قائم شدہ کالج کی اتھارٹیز حسب ذیل ہوں گی۔

(الف) گورنروں کا بورڈ؛

(ب) سینڈیکیٹ؛ اور

(ج) تعلیمی کونسل؛

(۲) قوانین موضوعہ کی رو سے قائم شدہ اتھارٹیز حسب ذیل ہوں گی:۔

(الف) گریجویٹ اور ریسرچ مینجمنٹ کونسل؛

(ب) اساتذہ اور دیگر عملہ خواہ ڈپارٹمنٹ، فیکلٹی یا کالج کی سطح پر ہو کے لئے بھرتی، ترقی، تشخیص اور پروموشن کمیٹیاں؛

(ج) ہر ایک فیکلٹی کی کیریئر پلیسمنٹ اور انٹرن شپ کمیٹی؛

(د) وائس چانسلر کی تقرری کے لئے جانچ پڑتال کمیٹی؛

(ہ) گورنروں کے بورڈ سینڈیکیٹ اور تعلیمی کونسل میں تقرری کے لئے نمائندہ کمیٹیاں؛

(و) فیکلٹی کونسل؛ اور

(ز) شعبہ جاتی کونسل؛

(۳) گورنروں کا بورڈ، سینڈیکیٹ اور تعلیمی کونسل ایسی دیگر کمیٹیاں یا ذیلی کمیٹیاں جو کسی بھی نام سے بیان کی جائے قائم کر سکے گی، جیسا کہ قوانین موضوعہ یا ضوابط کے ذریعے جیسا کہ مناسب ہوں پسندیدہ سمجھی گئی ہوں۔

مذکورہ کمیٹیاں یا ذیلی کمیٹیاں اس ایکٹ کے اغراض کے لئے کالج کی اتھارٹیز ہوں گی۔

۱۶۔ گورنروں کا بورڈ۔ (۱) کالج کے انتظام کے لئے ذمہ دار ہیئت کو گورنروں کا بورڈ کہا جائے گا اور حسب ذیل پر مشتمل ہوگا، یعنی:۔۔۔

(الف) متعلقہ انتظامی وزارت کا وزیر انچارج جو گورنروں کے بورڈ کا چیئرپرسن ہوگا؛

(ب) وائس چانسلر؛

(ج) وزارت کا سیکرٹری یا اس کا نمائندہ؛

(د) مینجنگ ڈائریکٹر، پاکستان ٹیلی ویژن کارپوریشن؛

(ہ) آزاد معاشرے سے آٹھ اشخاص جو انتظام، انصرام، تعلیم، علمی، تعلیمات قانون، محاسبی، ادویہ، فن خطاطی، فن تعمیرات، میڈیا، سماجی اور انسانی حقوق کی فلاح کاری، تعلیمی وکالت، صنعت کاری، ٹیکنالوجی اور انجینئرنگ کے شعبوں میں نمایاں ہوں اس طرح ان اشخاص کا تقرر مختلف شعبوں میں توازن کی عکاسی کرتا ہو:

مگر شرط یہ ہے کہ کالج کا خصوصی محور یا الحاق جس کا مقررہ طریقہ کار کے مطابق اعلان کیا جائے گا کالج سے متعلق خصوصی مہارت کے شعبے میں ممتاز اشخاص کی تعداد سے مترشح ہوگا جن کا گورنروں کے بورڈ میں تقرر کیا گیا ہو۔

(و) کالج کے سابقہ طالب علموں میں سے ایک شخص؛

(ز) کالج کے کسی ملازم کے علاوہ ملک کے علمی طبقے سے تعلق رکھنے والے کالج کے پروفیسر یا پرنسپل کی سطح کے دو اشخاص؛

(ح) وائس چانسلر، پنجاب یونیورسٹی، لاہور؛ اور

(ط) کمیشن کا چیئرپرسن یا اس کا نمائندہ۔

(۲) وائس چانسلر گورنروں کے بورڈ کے سیکرٹری کے طور پر بھی کام کرے گا۔

(۳) ذیلی دفعہ (۱) کی شقات (ہ) تا (ز) کے برعکس بیان کردہ گورنروں کے بورڈ کے اراکین کی تعداد میں گورنروں کا بورڈ قوانین موضوعہ کے ذریعے سے ایسی شرط کے تابع اضافہ کر سکے گا جو کہ گورنروں کے بورڈ کے کل ارکان کی تعداد ذیلی دفعہ (۱) میں صراحت کردہ مختلف درجوں کے درمیان، ممکن حد تک، اور توازن رکھتے ہوئے تمام

سوسائٹی سے دس اور چار کالج اساتذہ کے ساتھ ملا کر اکیس سے تجاوز نہ کرتی ہو۔

(۴) گورنروں کے بورڈ کے لئے تمام تقرریاں چانسلر کی جانب سے چیئرپرسن کے ساتھ مشاورت سے اس ایکٹ کے احکامات اور قوانین موضوعہ کی مطابقت میں کی جائیں گی۔

مگر شرط یہ ہے کہ گورنروں کے بورڈ میں خواتین کی شفاف نمائندگی کے لئے معیار یا قابلیت پر کوئی سمجھوتہ کئے بغیر کوششیں کی جائیں گی۔

مزید شرط یہ ہے کہ کالج اساتذہ سے متعلق تقرری کا طریقہ کار گورنروں کا بورڈ انتخابات کی بنیاد پر مقرر کرے گا جو کالج کے اساتذہ کے مختلف درجوں کے ذریعے رائے دہی کے لئے فراہم کیا گیا ہو۔

یہ بھی شرط ہے کہ گورنروں کا بورڈ متبادل طریقہ بھی مقرر کرے گا کہ گورنروں کے بورڈ کے لئے کالج اساتذہ کی تقرری ذیلی دفعہ (۱) کی شقات (ہ) اور (و) میں بیان کردہ اشخاص کے لئے دفعہ ہذا کی رو سے فراہم کردہ طریقہ کار میں ہوگی۔

(۵) بر بنائے عہدہ اراکین کے علاوہ، گورنروں کے بورڈ کے اراکین تین سال تک عہدے پر فائز رہیں گے؛

مگر شرط یہ ہے کہ بر بنائے عہدہ رکن کے علاوہ، کوئی بھی شخص گورنروں کے بورڈ میں دو متواتر معیاد سے زائد میں خدمت انجام نہیں دے گا۔

مزید شرط یہ ہے کہ گورنروں کے بورڈ میں تقرر کردہ کالج اساتذہ متواتر دو سال کی معیاد تک خدمت انجام نہیں دے سکیں گے۔

(۶) گورنروں کے بورڈ تقویمی سال میں کم از کم دو اجلاس کرے گا۔

(۷) گورنروں کے بورڈ میں خدمت اعزازی بنیاد پر ہوگی:

مگر شرط یہ ہے کہ اصل مصارف کی بازادائیگی حامل اسامی کو کی جائے گی جیسا کہ مقررہ ہو۔

(۸) گورنروں کے بورڈ کے تمام فیصلے موجود اراکین کی اکثریت کی رائے کی بنیاد پر کئے جائیں گے۔ اراکین کے کسی بھی معاملے میں مساوی تقسیم ہونے کی صورت میں صدارت کرنے والے شخص کا ووٹ حتمی ہوگا۔

(۹) گورنروں کے بورڈ کے اجلاس کے لئے کورم اس کے اراکین کا نصف ہوگا، کسر ایک شمار کی جائے گی۔

۱۷۔ گورنروں کے بورڈ کے اختیارات اور کارہائے منصبی۔ (۱) گورنروں کے بورڈ کالج کی عمومی نگرانی کا اختیار حاصل ہوگا، اور وائس چانسلر اور اتھارٹیز کالج کے تمام کارہائے منصبی کے لئے جوابدہ

ہوگی۔ گورنروں کے بورڈ کو کالج کے تمام اختیارات حاصل ہوں گے جو اس ایکٹ کے ذریعے ایک اتھارٹی یا افسر کو صریحاً حاصل نہیں ہیں اور وہ تمام دیگر اختیارات جو اس ایکٹ میں صریحاً درج نہیں ہیں جو اس کے کارہائے منصبی کی انجام دہی کے لئے ضروری ہیں۔

(۲) مذکورہ بالا اختیارات کی عمومیت کو مضرت پہنچائے بغیر، گورنروں کے بورڈ کو حسبِ ذیل اختیارات حاصل ہوں گے۔

(الف) مجوزہ سالانہ کام کے منصوبے، سالانہ اور نظر ثانی شدہ بجٹ، سالانہ رپورٹ اور کھاتوں کے سالانہ گوشوارے کی منظوری کرنا؛

(ب) کالج کی املاک، فنڈز اور سرمایہ کاری کے انتظام کے لئے پالیسی بیان کرنا، نگرانی، قبضہ رکھنا اس میں غیر منقولہ جائیداد کی فروخت اور خرید یا قبضہ کی منظوری دینا شامل ہے؛

(ج) کالج کی جانب سے عطاء کی جانے والی ڈگریوں کا آغاز کرنا اور کالج کے تعلیمی پروگراموں کی ربط دہی اور معیار کی نگرانی کرنا اور کالج کے تعلیمی معاملات پر عمومی نظر ثانی کرنا؛

(د) پرنسپلز ڈینز، پروفیسرز، ایسوسی ایٹ پروفیسرز اور دیگر سنیئر فیکلٹی اور اعلیٰ منتظمین کی تقرری کے لئے منظوری دینا جیسا کہ مقررہ ہوں؛

(ہ) کالج کے تمام افسران، اساتذہ اور دیگر ملازمین کی تقرری کے قیود و شرائط کے لئے سکیمیں، راہنما اصول اور ہدایات وضع کرنا؛

(و) حکمت عملی کے منصوبے منظور کرنا؛

(ز) کالج کے ترقیاتی منصوبہ جات کے لئے مالی وسائل کی منظوری دینا، تدریسی عملے نیز کلریکل اور نان کلریکل عملے کی تعداد کو منظور کرنا اور وقتاً فوقتاً اسامیوں میں اضافہ کرنا یا اس میں کمی کرنا یا کسی بھی سابقہ منظور شدہ اسامیوں کو ختم کرنا؛

(ح) سینڈیکیٹ اور تعلیمی کونسل کی جانب سے تجویز کردہ قوانین موضوعہ اور ضوابط کے مسودے پر غور کرنا:

مگر شرط یہ ہے کہ گورنروں کا بورڈ اپنے اقدام پر قوانین موضوعہ یا ضوابط تشکیل دے سکے گا اور سینڈیکیٹ یا تعلیمی کونسل، جیسی بھی صورت ہو، سے مشورہ طلب کرنے کے بعد اس کو منظور کر سکے گا:۔

(ط) اگر گورنروں کے بورڈ کو یہ اطمینان حاصل ہو کہ کسی افسر یا اتھارٹی کی جانب سے کی گئی کاروائیاں اس ایکٹ کے احکامات، قوانین موضوعہ یا ضوابط کی مطابقت میں نہیں ہیں تو مذکورہ اتھارٹی یا افسر سے جواب طلبی کے بعد کہ مذکورہ کارروائیوں کو کیوں نہ منسوخ کیا جائے تحریری حکم کے ذریعے کسی افسر یا اتھارٹی کی طرف سے کی گئی کارروائیوں کو منسوخ کر دے گا؛

(ی) گورنروں کے بورڈ کے کسی بھی رکن کو اس ایکٹ کے احکامات کی مطابقت میں ہٹانے کے لئے چانسلر کو سفارش کرنا؛

(ک) اس ایکٹ کے احکامات کی مطابقت میں، سینڈیکیٹ کے بر بنائے عہدہ رکن کے علاوہ اراکین کا تقرر کرنا؛

(ل) اس ایکٹ کے احکامات کی مطابقت میں، تعلیمی کونسل کے بر بنائے عہدہ رکن کے علاوہ اراکین کا تقرر کرنا؛

(م) اعزازی پروفیسروں کا ایسی قیود و شرائط میں جیسا کہ مقررہ ہوں میں تقرر کرنا؛

(ن) کسی بھی شخص کو اتھارٹی کی رکنیت سے برطرف کرنا اگر مذکورہ شخص:۔

(اوّل) فاتر العقل ہو؛ یا

(دوم) مذکورہ اتھارٹی کا بطور رکن کام کرنے میں نا اہل ہو؛ یا

(سوم) عدالت سے کسی اخلاقی پستی کے جرم میں سزا یاب ہو؛ اور

(س) تحویل کے لئے فراہم کردہ فارم کا تعین کرنا اور یونیورسٹی کی مہر عام کے استعمال کو منضبط کرنا۔

(۳) گورنروں اس ایکٹ کے احکامات سے مشروط کالج کے مرکزی کیمپس پر کسی بھی اتھارٹی، افسر یا ملازم کے تمام یا کسی بھی اختیارات کو اس کے اضافی کیمپس میں کسی بھی اتھارٹی، کمیٹی، افسر یا ملازم کو مذکورہ کیمپس کی بابت مذکورہ اختیارات استعمال کرنے اور ایسے کارہائے منصبی ادا کرنے کے لئے تفویض کر سکے گا، اور اس غرض کے لئے گورنروں کا بورڈ اضافی کیمپس میں نئی آسامیاں اور عہدے پیدا کر سکے گا۔

۱۸۔ معائنہ۔ گورنروں کا بورڈ قیود و طریقہ کار کی مطابقت میں جیسا کہ مقررہ کالج سے منسلک کسی بھی معاملے کی بابت معائنہ کروا سکے گا۔

۱۹۔ **سینڈیکیٹ۔** (۱) کالج کی سینڈیکیٹ حسب ذیل پر مشتمل ہوگی، یعنی:۔

(الف) وائس چانسلر جو اس کا چیئر پرسن ہوگا؛

(ب) کالج کی فیکلٹیز کے ڈینز؛

(ج) مختلف شعبوں سے تین اشخاص، جو گورنروں کے بورڈ کے اراکین نہیں ہوں گے جن کا انتخاب کالج اساتذہ گورنروں کے بورڈ کی جانب سے مقررہ طریقہ کار کی مطابقت میں کریں گے؛

(د) رجسٹرار؛

(ہ) خزانچی؛ اور

(و) کنٹرولر امتحانات

(۲) کالج کا قانونی مشیر یا منشوری حساب دار، جیسی بھی صورت ہو، دعوت پر سینڈیکیٹ کے اجلاس میں بھی شرکت کر سکے گا۔

(۳) رجسٹرار سینڈیکیٹ کا سیکرٹری بھی ہوگا

(۴) سینڈیکیٹ کے بر بنائے عہدہ اراکین کے علاوہ اراکین (۲) اور (۳) آتا ہے، تین سال کے لیے عہدے پر فائز رہیں گے۔

(۵) ذیلی دفعہ (۱) کی شق (ج) کے تحت تین پروفیسروں کی بابت، گورنروں کا بورڈ انتخاب کے متبادل کے طور پر دفعہ ۲۳ کی شرائط کے مطابق قائم کردہ نمائندہ کمیٹی کی طرف سے ناموں کے پینل کی تجویز کا طریقہ کار مقرر کر سکے گا۔ نمائندہ کمیٹی کی جانب سے تجویز کردہ اشخاص کا تقرر گورنروں کا بورڈ وائس چانسلر کی سفارش پر کرے گی۔

(۶) سینڈیکیٹ کے اجلاس کے لئے کورم کل اراکین کی تعداد کا ایک تہائی ہوگا کسر ایک شمار کی جائے گی۔

(۷) سنڈیکٹ کم از کم ہر تین مہینے میں ایک مرتبہ اجلاس منعقد کرے گی۔

۲۰۔ **سینڈیکیٹ کا اختیار اور فرائض:۔** (۱) سینڈیکیٹ کالج کی مختار کل ہیئت ہوگی اور اس ایکٹ کے احکامات اور قوانین موضوعہ کے تابع، کالج کے امور اور انتظام کی عمومی نگرانی کرے گی۔

(۲) مندرجہ بالا اختیارات کی عمومیت کو مضرت پہنچائے بغیر اور اس ایکٹ کے احکامات قوانین

موضوعہ کے، تابع اور گورنروں کا بورڈ سینڈیکیٹ کی ہدایات کے مطابق، سینڈیکیٹ کو حسب ذیل اختیارات حاصل ہونگے، یعنی:۔

(الف) سالانہ رپورٹ، سالانہ اور نظر ثانی شدہ بجٹ کے تخمینے پر غور کرنا اور انہیں گورنروں کے بورڈ کو پیش کرنا؛

(ب) کالج کے حوالے سے منقولہ املاک کو منتقل کرنا اور منتقلی کو قبول کرنا؛

(ج) کالج کے واسطے معاہدات میں شامل ہونا، تبدیل کرنا، عمل میں لانا اور منسوخ کرنا؛

(د) کالج کی جانب سے وصول کردہ اور صرف شدہ تمام رقوم اور کالج کے اثاثہ جات اور وجوب کے لئے مناسب بہی کھاتے تیار کرنا؛

(ہ) کالج کی ملکیتی کسی رقم کی سرمایہ کاری کرنا بشمول کسی بھی تمسکات کی غیر اطلاق شدہ آمدن جس کا ذکر ٹرسٹ ایکٹ، ۱۸۸۲ء (ایکٹ نمبر ۲ بابت ۱۸۸۲ء) کی دفعہ ۲۰ میں کیا گیا ہے یا غیر منقولہ جائیداد کی فروخت یا ایسے کسی دوسرے طریقے سے جس کی صراحت مذکورہ سرمایہ کاری کے ردوبدل کے اختیار میں کردی گئی ہے؛

(و) منتقل شدہ کوئی جائیداد اور امدادی رقوم بہبہ، وقف، تحائف، تحدیدی رقوم، عطیات اور کالج کو ملنے والی دوسری امداد وصول کرنا اور اس کا انتظام کرنا؛

(ز) کالج کو مخصوص اغراض کے لئے دیئے گئے کسی فنڈ کا انتظام کرنا؛

(ح) کالج کو فرائض منصبی کی بجا آوری کے لئے عمارتوں، کتب خانوں، حدود عمارت، فرنیچر، آلات، ساز وسامان اور دوسرے وسائل فراہم کرنا؛

(ط) طالب علموں کے رہائشی کمروں اور ہاسٹلوں کا قیام، ان کا انتظام کرنا یا ہوسٹلوں یا قیام گاہوں کی منظوری یا لائسنس دینا؛

(ک) گورنروں کو کالجوں کی الحاق اور عدم وابستگی کی سفارش کرنا؛

(ی) گورنروں کو تعلیمی اداروں میں کالج کی مراعات پر داخلے اور مذکورہ مراعات کو واپس لینے کی سفارش کرنا؛

(ل) پروفیسر شپ، ایسوسی ایٹ پروفیسر شپ اسسٹنٹ پروفیسر شپ، لیکچرار شپ اور دوسری

تدریسی آسامیوں کو پیدا کرنا یا مذکورہ آسامیوں کو معطل یا ختم کرنا؛

(م) ایسی انتظامی یا دوسری آسامیاں جو کہ ضروری ہوں پیدا کرنا بالا درجہ کرنا، زیریں درجہ کرنا، مکرر زنامزد کرنا یا معطل کرنا یا ختم کرنا؛

(ن) کالج کے افسران، اساتذہ اور دوسرے ملازمین کے فرائض منصبی کا تعین کرنا؛

(س) گورنروں کے بورڈ کو ان معاملات کی رپورٹ دینا جن کے متعلق اس کو رپورٹ کرنے کے لئے کہا گیا ہو؛

(ع) اس ایکٹ کے احکامات کی مطابقت میں اتھارٹیز کے اراکین کا تقرر کرنا؛

(ف) گورنروں کے بورڈ میں پیش کرنے کے لئے قوانین موضوعہ کے مسودات تجویز کرنا؛

(ص) کالج کے طلباء کے چال چلن اور نظم وضبط کو منضبط کرنا؛

(ق) مجموعی طور پر کالج کے اچھے انتظام کے لئے عمومی طور پر ضروری اقدامات کرنا اس کو برقرار رکھنے کے لئے ایسے اختیارات استعمال کرنا جو ضروری ہوں؛

(ر) کسی اتھارٹی یا افسر یا کمیٹی کو ایسا کوئی اختیار تفویض کرنا؛ اور

(ش) ایسے دوسرے کارہائے منصبی انجام دینا جو اس ایکٹ کے ذریعے اسے تفویض کئے گئے ہوں یا قوانین موضوعہ کی رو سے تفویض کئے جائیں۔

۲۱۔ تعلیمی کونسل:۔ (۱) تعلیمی کونسل حسب ذیل پر مشتمل ہوگی، یعنی:۔

(الف) وائس چانسلر جو اس کا چیئرپرسن ہوگا؛

(ب) فیکلٹیز کے ڈینز اور شعبے کا سربراہان جیسا کہ مقررہ ہوں؛

(ج) دو اراکین جو شعبوں، اداروں اور نمائندہ اداروں کی نمائندگی کرتے ہوں گورنروں کے مقرر کردہ طریقہ کار کے مطابق منتخب کئے جائیں گے؛

(د) تین پروفیسرز بشمول اعزازی پروفیسرز

(ہ) رجسٹرار

(و) کنٹرولر امتحانات؛ اور

(ز) سنیئر لائبریرین۔

(۲) گورنروں کا بورڈ تعلیمی کونسل کے اراکین، ماسوائے بر بنائے عہدہ اراکین اور منتخب کردہ اراکین کے، کالج کے وائس چانسلر کی سفارش پر تقرر کرے گا۔

مگر شرط یہ ہے کہ ذیلی دفعہ (۱) کی شقات (ج) اور (د) میں اراکین کی نسبت گورنروں کا بورڈ دفعہ ۲۳ کے مفہوم میں قائم کردہ نمائندہ کمیٹی کی جانب سے پینل کے ناموں کی تجویز کے لیے ضابطہ مقرر کر سکے گا۔ نمائندہ کمیٹی کی جانب سے تجویز کردہ اشخاص کی تقرری وائس چانسلر کی سفارش پر گورنروں کے بورڈ کی جانب سے کی جائے گی۔

(۳) تعلیمی کونسل کے اراکین، بر بنائے عہدہ اراکین کے علاوہ، تین سال کے لیے عہدے پر فائز رہیں گے۔

(۴) تعلیمی کونسل کم از کم ہر تین مہینے میں ایک مرتبہ اجلاس منعقد کرے گی۔

(۵) تعلیمی کونسل کے اجلاس کے لیے کورم کل اراکین کی تعداد کا ایک تہائی ہوگا، کسر کو ایک شمار کیا جائے گا۔

۲۴۔ تعلیمی کونسل کے اختیارات اور کارہائے منصبی۔ (۱) تعلیمی کونسل، کالج کی اعلیٰ ترین تعلیمی ہیئت ہوگی، اور اس ایکٹ کے احکامات اور قوانین موضوعہ کے مطابق، اسے اختیار حاصل ہوگا کہ وہ تدریس، تحقیق اور امتحانات کا باقاعدہ معیار مقرر کرے اور کالج تعلیمی زندگی اور کالج کے نمائندہ اداروں کو منضبط کرے اور اسے فروغ دے۔

(۲) مذکورہ بالا شرائط کی عمومیت پر اثر انداز ہوئے بغیر اور اس ایکٹ کے احکامات اور قوانین موضوعہ کے مطابق، تعلیمی کونسل کو اختیار حاصل ہوگا کہ۔

(الف) تعلیمی پروگراموں کے معیار سے متعلق طریقہ ہائے کار اور پالیسیوں کی منظوری دے؛

(ب) تعلیمی پروگراموں کو منظور کرے؛

(ج) طلباء سے متعلق پالیسیوں اور طریقہ ہائے کار بشمول داخلوں، اخراج، سزاؤں، امتحانات اور تصدیق کی منظوری دے؛

(د) تدریس اور تحقیق کے یقینی معیار کے لئے پالیسیوں اور طریقہ کار کی منظوری دے؛

(ہ) فیکلٹیز، تدریسی شعبوں اور مطالعاتی بورڈوں کے دستور اور تنظیم کے لئے سینڈیکیٹ کو منصوبہ جات تجویز کرے؛

(و) کالج کے تمام امتحانات کے لئے پرچے بنانے والوں اور محتمنوں کا متعلقہ اتھارٹیز سے

ناموں کا پینل وصول کرنے کے بعد تقرر کرے؛

(ز) کالج کے اساتذہ کی تمام مراحل پر پیشہ وارانہ ترقی کے لئے پروگراموں کا آغاز کرے؛

(ح) دوسری یونیورسٹیوں یا امتحان لینے والے اداروں کے امتحانات جو کہ کالج کے امتحانات کے مساوی ہوں کو تسلیم کرے؛

(ط) وظیفے، فضیلت علمی، تعلیمی وظائف، تمغہ جات اور انعامات کے ایوارڈ کو منضبط کرے؛

(ی) گورنروں کے بورڈ کو پیش کرنے کے لئے ضوابط تجویز کرے؛

(ک) کالج کی تعلیمی کارکردگی پر سالانہ رپورٹ تیار کرے؛ اور

(ل) ایسے کارہائے منصبی انجام دے جو ضوابط کے ذریعے مقرر کئے گئے ہوں۔

۲۳۔ نمائندہ کمیٹیاں۔ (۱) قانون موضوعہ کے ذریعے گورنروں کے بورڈ کی طرف سے تشکیل کردہ ایک نمائندہ کمیٹی ہوگی جو دفعہ بالترتیب ۱۶، ۱۹ اور ۲۱ کے احکامات کی مطابقت میں گورنروں کے بورڈ، سینڈیکیٹ اور تعلیمی کونسل میں اشخاص کی تقرری کے لئے سفارش کرے گی۔

(۲) گورنروں کے بورڈ میں تقرری کے لئے نمائندہ کمیٹی کے اراکین حسبِ ذیل پر مشتمل ہوں گے، یعنی:۔۔۔

(الف) گورنروں کے بورڈ کے تین اراکین جو یونیورسٹی کے اساتذہ نہ ہوں؛

(ب) کالج اساتذہ اپنے میں سے دو اشخاص کو اس طریقہ کار کے مطابق نامزد کریں گے جیسا کہ مقرر کیا جائے؛ اور

(ج) تعلیمی شعبے میں سے، پروفیسر یا کالج کے پرنسپل کے عہدہ کا ایک شخص، جو کہ کالج کا ملازم نہ ہو، کالج کے اساتذہ کی جانب سے اُس طریقہ کار کے مطابق نامزد کیا جائے گا جیسا کہ مقرر کیا جائے؛ اور

(د) ایک ممتاز شہری جو انتظامیہ، سماجی فلاح کاری، تعلیمی وکالت، میڈیا، علمی، ترقیاتی کام، قانون یا محاسبی کے شعبے میں تجربہ رکھتا ہو گورنروں کے بورڈ کی جانب سے نامزد کیا جائے گا۔

(۳) سینڈیکیٹ اور تعلیمی کونسل میں تقرریوں کے لئے نمائندہ کمیٹی حسب ذیل پر مشتمل ہوگی، یعنی:۔۔

(الف) گورنروں کے بورڈ کے دو اراکین جو کہ کالج کے اساتذہ نہ ہوں؛ اور

(ب) کالج اساتذہ کی جانب سے ان میں سے صراحت کردہ طریقہ کار میں نامزد کردہ تین اشخاص۔

(۴) نمائندہ کمیٹیوں کا دورانیہ تین سال ہوگا۔

مگر شرط یہ ہے کہ کوئی بھی رُکن مسلسل دو دفعہ سے زیادہ خدمات انجام نہیں دے سکے گا۔

(۵) نمائندہ کمیٹی کا طریقہ کار ایسا ہوگا جیسا کہ مقررہ ہو۔

(۶) کسی بھی دیگر اتھارٹیز کی طرف سے ایسی دیگر نمائندہ کمیٹیاں بھی تشکیل دی جائیں گی جو کالج کی مختلف اتھارٹیز اور دیگر ہیئتوں میں اشخاص کی تقرری کے لئے سفارش کرنے کے لئے موزوں سمجھی جائیں۔

۲۴۔ بعض اتھارٹیز کی جانب سے کمیٹیوں کی تقرری۔ (۱) گورنروں کا بورڈ، سینڈیکیٹ، تعلیمی کونسل اور دیگر اتھارٹیز، وقتاً فوقتاً ایسی قائمہ (سٹینڈنگ)، خصوصی یا مشاورتی کمیٹیوں کا تقرر کریں گئیں، جیسا کہ وہ مناسب سمجھیں، اور مذکورہ کمیٹیوں میں ایسے اشخاص کو مقرر کریں گی جو کہ کمیٹیوں کا تقرر کرنے والی اتھارٹیز کے اراکین میں سے نہ ہوں۔

(۲) اتھارٹیز کی تشکیل، کارہائے منصبی اور اختیارات جن کے لئے اس ایکٹ میں مخصوص احکامات وضع نہ کئے گئے ہوں وہی ہوں گے جیسا کہ قوانین موضوعہ اور ضوابط کی رو سے مقررہ ہوں۔

باب۔پنجم

قوانین موضوعہ، ضوابط اور قواعد

۲۵۔ قوانین موضوعہ۔ (۱) اس ایکٹ کے احکامات کے تابع، حسبِ ذیل تمام یا کوئی بھی معاملات تجویز یا منضبط کرنے کے لئے قوانین موضوعہ وضع کئے جائیں گے:۔۔۔

(الف) ایسے مندرجات اور طریقہ کار تیار کیا جائے گا جس میں وائس چانسلر سالانہ رپورٹ گورنروں کے بورڈ کے سامنے پیش کرے گا؛

(ب) کالج کی فیسیں اور دوسرے اخراجات؛

(ج) کالج کے ملازمین کی پنشن، بیمہ، گریجویٹی، پراویڈنٹ فنڈ اور رفاہی فنڈ کی تشکیل؛

(د) کالج کے افسران، اساتذہ اور دوسرے ملازمین کی تنخواہوں کے اسکیل اور دوسری شرائط ملازمت؛

(ہ) رجسٹر شدہ گریجویٹوں کے رجسٹر تیار کرنا؛

(و) تعلیمی اداروں کے لئے کالج کی مراعات تسلیم کرنا اور مذکورہ مراعات کو واپس لینا؛

(ز) فیکلٹیز، شعبوں، انسٹیٹیوٹس، نمائندہ اداروں اور دوسرے تعلیمی ڈویژنوں کا قیام؛

(ح) افسران اور اساتذہ کے اختیار اور فرائض؛

(ط) وہ شرائط جن کے تحت کالج دیگر اداروں یا پبلک اداروں کے ساتھ تحقیق اور مشاورتی خدمات کی اغراض کے لئے مل کر انتظامات کرے گی؛

(ی) اعزازی پروفیسروں کی تقرری اور اعزازی ڈگریاں عطاء کرنے، تعلیمی منصب کے لیے شرائط؛

(ک) کالج کے ملازمین کی اہلیت اور نظم وضبط؛

(ل) اس ایکٹ کی شرائط کے مطابق کارہائے منصبی کی تعمیل کرتے ہوئے دستور اور طریقہ کار کی پیروی کرے گی؛

(م) جانچ پڑتال کمیٹی وائس چانسلر کی تقرری کے لئے دستور اور طریقہ کار کی پیروی کرے گی؛

(ن) اساتذہ کی تمام درجات میں تقرری کے لیے شرائط اور قابلیت؛

(س) کمیشن کے قواعد وغیرہ کی روشنی میں اساتذہ کو معیاری ٹریک عطاء کرنے کے لیے شرائط؛

(ع) کالج کی اتھارٹیز کی تشکیل، کارہائے منصبی اور اختیارات؛ اور

(ف) دیگر تمام امور جو اس ایکٹ کی رُو سے مقرر کئے جانے والے ہوں یا مقرر کئے جاسکیں گے یا قوانین موضوعہ کی رُو سے منضبط کئے گئے ہوں۔

(۲) قوانین موضوعہ کا مسوّدہ سینڈیکیٹ کی جانب سے گورنروں کے بورڈ کو تجویز کیا جائے گا جو اسے منظور کرے گی یا ایسی ترامیم کے ساتھ اسے پاس کرے گی جیسا کہ گورنروں کا بورڈ مناسب سمجھے یا سینڈیکیٹ کو، جیسی بھی صورت ہو، مجوزہ مسودہ پر دوبارہ غور کرنے کے لئے، واپس بھیج دے گی:

مگر شرط یہ ہے کہ ذیلی دفعہ (۱) کی شقات (الف) اور (ک) میں محولہ امور سے تعلق رکھنے والے قوانین موضوعہ کا آغاز اور منظوری گورنروں کی طرف سے، سینڈیکیٹ کا نقطہ نظر حاصل کرنے کے بعد دی جائے گی:

مزید شرط یہ ہے کہ گورنروں کا بورڈ کسی ایسے معاملے کی نسبت قوانین موضوعہ کا آغاز کرے گی جو اس کے اختیار میں ہو یا جس کی نسبت اس ایکٹ کی شرائط کے مطابق قوانین موضوعہ وضع کیا جاسکے اور سینڈیکیٹ کی رائے حاصل کرنے کے بعد مذکورہ قانون موضوعہ کی منظوری دے گی۔

۲۶۔ ضوابط۔ (۱) اس ایکٹ اور قوانین موضوعہ کے احکامات کے مطابق، تعلیمی کونسل حسبِ ذیل تمام یا کسی ایک معاملے کی نسبت، ضوابط وضع کرسکے گی، یعنی:۔۔۔

(الف) کالج کی ڈگریوں، ڈپلوموں اور سرٹیفکیٹوں کے لئے تعلیمی کورسز؛

(ب) وہ طریقہ کار جس کے مطابق دفعہ ۶ کی ذیلی دفعہ (۱) میں محولہ تدریس کو منظم اور اختیار کیا جائے گا؛

(ج) طالب علموں کا کالج میں داخلہ اور اخراج؛

(د) شرائط، جن کے تحت طالب علموں کو کالج کے کورسز اور امتحانات میں شامل کیا جائے گا اور وہ ڈگریاں، ڈپلومے اور سرٹیفکیٹس حاصل کرنے کے اہل ہوں گے؛

(ہ) امتحانات کا انعقاد؛

(و) شرائط جن کے تحت کوئی شخص ڈگری کا مستحق قرار پانے کے لئے آزادانہ تحقیق کرے گا؛

(ز) فیلوشپ، اسکالرشپ، وظائف، تمغے اور انعامات جاری کرنا؛

(ح) لائبریری کا استعمال؛

(ط) فیکلٹیوں، شعبوں، انضباطی کمیٹیوں اور تدریسی بورڈوں کی تشکیل کرنا؛ اور

(ی) دیگر تمام اُمور جو اس ایکٹ کے احکام کے تحت تفویض کئے گئے ہوں یا قوانین موضوعہ یا ضوابط کی رُو سے مقرر کئے جائیں۔

(۲) تعلیمی کونسل ضوابط تجویز کرے گی اور ان کو گورنروں کے بورڈ میں پیش کیا جائے گا جو ان کی منظوری دے گی یا نامنظور کر دے گی یا دوبارہ غور کرنے کے لئے تعلیمی کونسل کو واپس بھیج دے گی۔ تعلیمی کونسل کی طرف سے مجوزہ ضابطہ اس وقت تک مؤثر نہیں ہوگا تاوقتیکہ گورنروں کا بورڈ اُس کی منظوری نہ دے دے۔

(۳) ذیلی شقات (ز) اور (ط) میں شامل معاملات سے متعلق یا ضمنی ضوابط سینڈیکیٹ کی پیشگی منظوری کے بغیر گورنروں کے بورڈ میں پیش نہیں کئے جائیں گے۔

۲۷۔ قواعد۔ **(۱)** ذیلی دفعہ (۲) کے احکام کے مطابق، کالج کے حکام اور دیگر اتھارٹیز اس ایکٹ، کی مطابقت میں، کالج کے اُمور سے متعلق کسی معاملے کو منضبط کرنے کے لئے قواعد وضع کر سکیں گے، اس میں انصرام کار اور اجلاسوں کے اُوقات اور مقام اور متعلقہ اُمور کو منضبط کرنے کے قواعد شامل ہیں۔

(۲) سینڈیکیٹ کی منظوری پر قواعد مؤثر ہوسکیں گے۔

(۳) ذیلی دفعہ (۱) کے احکامات کے باوجود، اس ایکٹ کے آغاز نفاذ سے قبل کالج قواعد وضع کرے گا، جہاں تک کہ وہ اس ایکٹ کے احکامات سے متناقص نہ ہو، فی الفور جاری رہے گا جب تک کہ وہ اس ایکٹ کے تحت منسوخ یا تبدیل نہ ہو جائے۔

باب۔ششم

کالج کا فنڈ

۲۸۔ کالج کا فنڈ۔ کالج کا ایک فنڈ ہوگا جس میں فیسوں، جرمانوں، عطیات، ٹرسٹ، میراث، وقف، امداد، چندوں اور تمام دوسرے ذرائع سے حاصل ہونے والی آمدنی جمع کروائی جائے گی۔

۲۹۔ آڈٹ اور حسابات:۔ کالج کے حسابات اور مالیاتی گوشواروں کو بین الاقوامی مالیاتی رپورٹنگ معیارات (IFRS) کی مطابقت میں تیار کیا جائے گا جو کہ پاکستان میں قابل اطلاق ہو، وائس چانسلر کی جانب سے پرنسپل اکاؤنٹنگ افسر اور خزانچی کے طور پر دستخط شدہ ہوں گے اور معروف اکاؤنٹ سند یافتہ محاسبوں کی فرم کے ذریعے سے آڈٹ کیا جائے گا۔ اس طرح سے تیار کردہ سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارہ اور اس پر آڈیٹر کی رپورٹ اعلیٰ تعلیمی کمیشن کو پیش کی جائے گی۔

باب۔ہفتم

عمومی احکامات

۳۰۔ اظہار وجوہ کا موقعہ فراہم کرنا۔ ماسوائے قانون میں کچھ اور موجود ہو، کالج کے کسی افسر، معلم یا دوسرے ملازم کو جو کہ مستقل عہدے پر کام کر رہا ہو، متعلقہ شخص کے کسی فعل یا غلطی کی وجہ سے عہدے میں اس وقت تک کمی نہیں کی جائے گی، یا برطرف یا جبری طور پر ملازمت سے سبکدوش نہیں کیا جائے گا جب کہ اسے مجوزہ کارروائی کے خلاف اظہار وجوہ کا معقول موقع نہ دیا گیا ہو۔

۳۱۔ سینڈیکیٹ اور گورنروں کے بورڈ کو اپیل۔ جب کہ کالج کے وائس چانسلر، کسی افسر، معلّم یا دیگر ملازم

کے علاوہ سزا دینے کا کوئی حکم صادر کیا گیا ہو یا اس کی مقرر کردہ شرائط ملازمت میں ناموافق تبدیلی یا توضیح کی جائے تو، اسے، جبکہ حکم وائس چانسلر کے علاوہ کالج کے کسی دوسرے افسر یا معلم کے ذریعے سے صادر کیا گیا ہو، حکم کے خلاف سینڈیکیٹ میں اپیل کرنے کا حق حاصل ہوگا، اور جبکہ حکم وائس چانسلر کی طرف سے جاری کیا گیا ہو تو اسے گورنروں کے بورڈ میں اپیل کرنے کا حق حاصل ہوگا۔

۳۲۔ کالج کی ملازمت۔ (۱) کالج کے کسی افسر، معلّم یا دیگر ملازم کو اس عمر یا ملازمت کی مدت پوری ہونے پر ملازمت سے ریٹائر کر دیا جائے گا جیسا کہ مقررہ ہو۔

(۲) اس ایکٹ کے آغاز نفاذ کی تاریخ سے کالج کی ملازمت میں کسی بھی کالج اساتذہ کی ملازمت کے قیود و شرائط میں کوئی ناموافق تبدیلی نہیں کی جائے گی۔

(۳) پاکستان کی ملازمت میں اشخاص کی ملازمت کے قیود و شرائط کی نسبت سے عمومی یا ہم رتبہ ملازمت کو متعلقہ قوانین موضوعہ کی رو سے مقررہ قیود و شرائط کے ذریعے پوری طرح تابع کیا جائے گا۔

۳۳۔ بیمہ اور انتفاعات۔ (۱) کالج اپنے افسران، معلّمین اور دیگر ملازمین کے بعد از ملازمت کے انتفاعات جیسا کہ مقرر کئے جائیں، کے علاوہ سروس کے دوران صحت اور بیمہ زندگی کی اسکیمیں تشکیل دے گی۔

(۲) جبکہ اس ایکٹ کے تحت کوئی پراویڈنٹ فنڈ تشکیل دیا گیا ہو تو پراویڈنٹ فنڈ ایکٹ، ۱۹۲۵ء (نمبر ۱۹ بابت ۱۹۲۵ء) کے احکامات کا اطلاق مذکورہ فنڈز پر ہوگا جیسے کہ وہ حکومتی پراویڈنٹ فنڈ تھے۔

۳۴۔ اتھارٹی کے اراکین کے عہدے کی مدت کا آغاز نفاذ۔ (۱) جب ایک نئی تشکیل شدہ اتھارٹی کے رُکن کو منتخب، مقرر یا نامزد کیا گیا ہو، تو اس کے عہدے کا آغاز، جیسا کہ اس ایکٹ کے تحت مقرر کیا گیا ہو، اس تاریخ سے ہوگا جو کہ مقرر کی گئی ہو۔

(۲) جبکہ کسی رُکن نے متعلقہ عہدیدار کی منظوری کے بغیر کوئی دوسری ذمہ داری سنبھال لی ہو یا ایسی ہی کسی وجہ کی بناء پر چھ ماہ کی مدت کے لئے کالج سے غیر حاضر رہے تو یہ متصور ہوگا کہ وہ مستعفی ہو گیا ہے یا اپنی نشست خالی کر دی ہے۔

۳۵۔ اتھارٹیز کی عارضی آسامیاں پُر کرنا۔ کسی بھی اتھارٹی کے ارکان میں سے عارضی طور پر

خالی ہونے والی اسامی کو، جتنی جلدی ممکن ہو، اس طریقہ کار اور اُسی شخص اور اتھارٹی کی طرف سے پُر کیا جائے گا جس نے اس رُکن کی تقرری کی ہو جس کی اسامی خالی ہوئی ہو اور اس اسامی پر مقرر کیا گیا شخص مذکورہ اتھارٹی کا باقی ماندہ مدت کے لئے رُکن ہوگا جس کے لیے وہ شخص جس کی جگہ اس نے پر کی ہے رکن رہے گا۔

۳۶۔ اتھارٹیز کی تشکیل میں نقائص۔ جہاں کسی اتھارٹی کی تشکیل میں، کسی خامی کی صورت میں، جیسا کہ اس ایکٹ، قوانین موضوعہ یا ضوابط کی رُو سے تشکیل دیا گیا ہو، کسی مصرحہ عہدے کے ختم ہونے کی بناء پر یا کالج سے باہر کی تنظیم، ادارے یا دیگر ہیئت کی وجہ سے تحلیل کر دیا گیا ہو یا کار منصبی انجام دینے سے روک دیا گیا ہو، یا ایسی ہی کسی دوسری وجہ کی بناء پر ختم کر دیا گیا ہو تو، مذکورہ نقص کو اس طریقے سے ختم کیا جائے گا جیسا کہ گورنروں کا بورڈ ہدایت دے۔

۳۷۔ اتھارٹیز کی کارروائیاں خالی آسامیوں کی بناء پر غیر قانونی نہیں سمجھی جائیں گی۔

کسی اتھارٹی کا کوئی فعل، قرارداد یا فیصلہ کسی خالی آسامی کی بناء پر اتھارٹی کی طرف سے کرنے، منظور کرنے یا صادر کرنے یا کسی اہلیت کے معدوم ہونے کی وجہ سے یا اتھارٹی کے کسی فی الواقع رُکن خواہ وہ موجود ہو یا غیر حاضر کے انتخاب، تقرری یا نامزدگی کے ناجائز ہونے کی بناء پر غیر قانونی نہیں ہوگا۔

۳۸۔ ابتدائی قوانین موضوعہ اور ضوابط۔ باوجود یہ کہ اس ایکٹ میں شامل کوئی امر اس کے برعکس موجود ہو، چانسلر ابتدائی قوانین موضوعہ اور ضوابط مشتہر کرے گا جو کہ دفعہ ۲۶ کے تحت مرتب کردہ قوانین موضوعہ اور ضوابط متصور ہوں گے اور اس وقت تک نافذ رہیں گے جب تک کہ ترمیم یا تبدیلی نہ کر دی گئی ہو یا ایسے وقت تک جب تک کے اس ایکٹ کے احکامات کی مطابقت میں نئے قوانین موضوعہ اور ضوابط مرتب نہ کر دیئے گئے ہوں۔

۳۹۔ عبوری احکامات۔ (۱) اس ایکٹ میں شامل کسی امر کے باوجود، گورنروں کے بورڈ کے اراکین کا تقرر، ماسوائے پرنسپل کے عہدے پر مامور جو وائس چانسلر ہوگا اور کالج اساتذہ کے، چانسلر کی جانب سے اس ایکٹ کے تحت رکنیت کے لیے مقرر کردہ معیار اور تعداد کے مطابق کیا جائے گا۔ اس طرح سے تشکیل شدہ پہلا گورنروں کا بورڈ جتنی جلد ممکن ہو، اس ایکٹ کی شرائط کی مطابقت میں سینڈیکیٹ اور تعلیمی کونسل کے اراکین کی تقرری کے عمل کا آغاز کرے گی۔

(۲) اس ایکٹ میں شامل کسی امر کے باوجود اور دفعہ ۳ کی ذیلی دفعہ (۱) کے احکامات کے مطابق، پہلے وائس چانسلر کے عہدے کی معیاد پانچ سال ہوگی۔

۴۰۔ **تنسیخ اور استثناء:۔** (۱) اس ایکٹ کے آغاز نفاذ پر، قومی کالج برائے فنون آرڈیننس، ۱۹۸۵ء (نمبر ۲۸ مجریہ ۱۹۸۵ء) کو، منسوخ شدہ سمجھا جائے گا۔

(۲) ذیلی دفعہ (۱) کے تحت قومی کالج برائے فنون آرڈیننس ۲۸ مجریہ ۱۹۸۵ء کے منسوخ ہونے کے باوجود؛

(الف) منسوخ شدہ آرڈیننس کے کسی بھی احکامات کے تحت کیا گیا کوئی فعل، کی گئی کارروائی، وجوب یا عائد کردہ ذمہ داریاں، تقرر کردہ یا مجاز کردہ اشخاص، فنڈز، تخلیق کردہ وقف، الحاق یا عطاء کردہ مراعات، ڈگریاں، قائم شدہ فیلوشپ یا اسکالرشپ اور جاری کردہ احکامات، دیگر قانونی دستاویزات یا قوانین موضوعہ وضع کردہ ضوابط اور قواعد یا اس کے تحت وضع کردہ متصور ہوں، اگر ایکٹ کے احکامات یا قوانین موضوعہ، اس ایکٹ کے تحت وضع کردہ ضوابط یا قواعد سے متناقص نہ ہوں تو بدستور جاری رہیں گے اور جہاں تک ہو سکے، اس ایکٹ کے تحت بالترتیب کیے گئے اٹھائے گئے، عائد کیے گئے، حاصل کیے گئے، مقرر کیے گئے، مجاز کیے گئے، مرحمت کیے گئے، قائم کیے گئے، تشکیل کیے گئے، منظور کیے گئے اور جاری کیے گئے متصور ہوں گے، اور کوئی بھی دستاویزات جن میں کسی بھی احکامات، دیگر قانونی دستاویزات، یا قوانین موضوعہ، ضوابط اور قواعد کا حوالہ دیا گیا ہو، جہاں تک ہو اس ایکٹ کے مراسلتی احکامات، قوانین موضوعہ، اس ایکٹ کے تحت وضع کردہ ضوابط اور قواعد کا حوالہ پہلی بار دیا گیا، حوالہ سمجھا جائے گا؛

(ب) تمام انسٹیٹیوٹس، کالج یا کالج کے دیگر نمائندہ یونٹس جو منسوخ شدہ آرڈیننس کے احکامات یا دیگر قانونی دستاویزات کے تحت کام کر رہی ہوں اس وقت تک متعلقہ منسوخ شدہ احکامات کی شرائط کے مطابق بدستور کام کرتی رہیں گی تاوقتیکہ گورنروں کا بورڈ قانون موضوعہ کے ذریعے کسی دیگر صورت میں صراحت نہ کر دے؛ اور

(ج) قومی کالج برائے فنون کی جانب سے رکھی گئی تمام رقوم اور املاک کو مذکورہ آغاز نفاذ سے فوری قبل کالج میں منتقل شدہ، اور تفویض شدہ سمجھا جائے گا۔

۴۱۔ **ایکٹ دیگر دستاویزات، وغیرہ پر غالب ہوگا:۔** اس ایکٹ کے احکامات کالج کے کسی بھی

دستاویز، قرارداد یا تصدیق نامہ شمول میں شامل کسی بھی امر کے باوجود مؤثر ہوں گے۔

۴۲۔ قانونی ذمہ داری سے برأت:۔ کوئی مقدمہ یا قانونی کارروائی حکومت، کالج یا کسی بھی اتھارٹی یا حکومت یا کالج کے افسر یا ملازم یا کسی بھی شخص کے خلاف کسی ایسے کام کی نسبت نہیں کی جائے گی جو اس ایکٹ کے تحت نیک نیتی سے کیا گیا ہو۔

۴۳۔ ازالہ مشکلات:۔ (۱) اگر اس ایکٹ کے احکامات میں کسی کی وضاحت کرنے میں کوئی مشکل درپیش آئے تو، اسے گورنروں کے بورڈ کے سامنے رکھا جائے گا جو قوانین موضوعہ اور ضوابط کو زیر غور لائے گا، جو جیسا کہ مقررہ ہو، اور معاملہ قائم رہنے کی صورت میں اسے چانسلر کے سامنے رکھا جائے جو اس پر حتمی فیصلہ دے گا۔

(۲) اگر اس ایکٹ کے احکامات کو مؤثر ہونے میں کوئی مشکل درپیش ہو تو، چانسلر گورنروں کے بورڈ کی آراء حاصل کرنے کے بعد ایسا حکم صادر کر سکے گا جو ایکٹ کے احکامات سے متناقص نہ ہو، جو اس کے نزدیک مشکل کا ازالہ کرنے کے لیے ضروری ہو۔

(۳) جہاں ایکٹ کسی کام کے کئے جانے کے لیے حکم وضع کرتا ہو لیکن اتھارٹی سے متعلق کوئی حکم یا کافی حکم وضع نہ کرتا ہو جس کے ذریعے، یا اس وقت جب یا جس طریقہ کار کے مطابق، کوئی کام کیا جائے، تو وہ مذکورہ اتھارٹی کی جانب سے، ایسے وقت پر اور ایسے طریقہ کار میں کیا جائے گا جس کی ہدایت چانسلر گورنروں کے بورڈ کی آراء حاصل کرنے کے بعد دے۔

بیان اغراض ووجوہ

قومی کالج برائے فنون (NCA) لاہور ملک کا ایک اعلیٰ فنون لطیفہ کا ادارہ ہے جو گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ کی سطح پر فنون لطیفہ کی تعلیم پیش کرتا ہے۔ یہ ۱۸۷۵ء میں قائم ہوا تھا۔ کالج قومی کالج برائے فنون لطیفہ، آرڈیننس، ۱۹۸۵ء کے ذریعے سے عطا کرتا تھا اور اسٹیٹس ایوارڈ کرتا تھا، NCA بین الاقوامی مسلمہ معیارات کی پینٹنگ، پرنٹ میکنگ، مجسمہ سازی، قلمی تزین کاری، پینٹنگ، سرائمک ڈیزائن، ٹیکسٹائل ڈیزائن، کمونیکیشن ڈیزائن ملٹی میڈیا آرٹس، فلم اور ٹیلی وژن، نقشہ نویسی اور انٹریئر ڈیزائن وغیرہ میں تربیت اور ریسرچ فراہم کرتا ہے۔

قومی کالج برائے فنون لطیفہ (NCA) ایک خود مختار ہیئت ہے جو ۴-۴-۲۰۱۹ء سے وزارت کے انتظامی کنٹرول میں ہے۔ صدر مملکت پاکستان نے ۲۷ جولائی، ۲۰۰۵ء کو راولپنڈی میں NCA کے کیمپس کی رونمائی میں یہ اعلان کیا تھا کہ NCA کو HEC کی جانب سے یونیورسٹی کا درجہ دیا جائے گا۔ مزید برآں وزیر اعظم پاکستان نے ۲۶-۰۶-۲۰۱۱ء کو ۱۲ویں کنونشن کے دوران، منجملہ دیگراں، یہ اعلان کیا تھا کہ قومی کالج برائے فنون لطیفہ۔ لاہور کو یونیورسٹی کا درجہ دیا جائے گا۔ بطور ممتاز ادارہ اس کے موجودہ برتری کو فروغ دینے کے لیے کالج کو وفاقی ادارے کی حیثیت سے اپ گریڈ کیا جائے اور اسے قومی کالج برائے فنون لطیفہ انسٹیٹیوٹ کے طور پر دوبارہ نام دیا جائے۔ لہٰذا یہ بل وضع کیا گیا۔

(شفقت محمود)

وفاقی وزیر تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت